29 ستمبر 2020ء

بینکوں کی برانچیں 30 ستمبر 2020ء کو حکومتی ڈیوٹیوں / ٹیکسوں کی وصولی میں سہولت دینے کے لیے توسیع شدہ وقت تک کھلی رہیں گی

بینکوں کی تمام برانچیں اوور دی کاؤنٹر (او ٹی سی) سہولت کے ذریعے حکومتی ڈیوٹیوں / ٹیکسوں کی وصولی میں سہولت دینے کے لیے 30 ستمبر 2020ء (بدھ) کو توسیع شدہ بینکاری وقت شام 8 بجے تک کھلی رہیں گی۔

مزید اس بات کا فیصلہ کیا گیا ہے کہ نفٹ (NIFT) 30 ستمبر 2020ء (بدھ) کی سہ پہر 5 بجے اسپیشل کلیئرنگ کا بندوبست کرے گا تاکہ ادائیگی کے مذکورہ آلات کی اسی دن کلیئرنگ اور سیٹلمنٹ کو یقینی بنایا جاسکے۔ لہٰذا، تمام بینک اپنی متعلقہ برانچیں 30 ستمبر 2020ء (بدھ) کو اس وقت تک کھلی رکھیں گے جو نفٹ کی جانب سے حکومتی لین دین کی اسپیشل کلیئرنگ میں سہولت دینے کے لیے درکار ہے۔

****